ملفوظاتِ قدسیہ

از

حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ الصمد

محبوب خلیفہ حضرت خواجہ میرزا مظہر جانِ جاناں شہید مجددی علیہ الرحمۃ

پسندیدہ مشغلہ

محمد عبد الخالق توکلی مجددی عفی عنہ

نیاز مند فقراء و علمائے حق

"باب محبوب" W-S,3-K گلستان کالونی نمبر1، فیصل آباد
0333-9926213

ناشر:
مکتبہ سلطانیہ
محمد پورہ فیصل آباد فون: 041-2637239

ملفوظاتِ قُدسیہ

از

حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرّہ الصّمد

محبوب خلیفہ حضرت خواجہ میرزا مظہر جانِ جاناں شہید مجددی علیہ الرحمۃ

پسندیدہ مشغلہ

محمد عبدالخالق توکلی

نیاز مندِ فقراء وعلمائے حق

"بابِ محبوب" W-S.3-K، گلستان کالونی نمبر 1، فیصل آباد
0333-9926213

نام کتاب .... ملفوظاتِ قُدسیہ

مترتب .... محمد عبدالخالق توکلّی

پروف ریڈنگ .... محمد عبدالخالق توکلّی

ایڈیشن .... اوّل (1432ھ / 2011ء)

تعداد 500

کمپوزنگ .... شیخ آصف حسین

(الحسن کمپوزنگ سنٹر فیصل آباد)

(0321-7805823,0313-7210623)

کو پڑھے وہ اس کے لیے کافی ہونگی۔“ ”یہ رکوع پڑھا جائے تین رات ۔ ناممکن کہ شیطان آئے۔“مفہوم راوی نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ۔ راوہ البغوی۔

31۔ آخری دو آیات رات کو پڑھنا قیام شب کے بمنزلہ۔ مفہوم ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ۔ اخرجہ بن عدی رضی اللہ عنہ فی الکامل۔ صفحہ 167 تفسیر مظہری اردو جلد دوم

32۔ تلاوت سورۃ البقرہ کے ہزاروں فوائد۔ (خلاصہ و مفہوم بے شمار احادیث) راقم۔ آخری دونوں آیات شفاعت کریں گی۔

33۔ سورۂ الِ عمران: مباہلہ کا بیان، اسم اعظم ۔ حیّ ۔ قیوم۔ آیت کریمہ سیدنا یونس علیہ السلام والی ہر مشکل کا حل۔ دعا قبول۔ اسم اعظم ہے۔ کلمہ طیبہ افضل الذکر بحوالہ احادیث۔

34۔ 73 فرقے: راوی عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، ترمذی شریف۔ نبی الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام: جو حالت بنی اسرائیل کی ہوئی وہی میری امت پر آئے گی۔ یہ ان کے نقش قدم پر چلے گی۔ یہاں تک کہ بنی اسرائیل میں اگر کسی نے اپنی ماں سے اعلانیہ زنا کیا ہوگا تو میری امت میں بھی کوئی ایسا کرے گا۔ بنی اسرائیل 72 فرقہ بن گئے اور میری امت پھٹ کر 73 تہتر گروہ ہو جائے گی، جس میں سے سوائے ایک فرقہ کے سب دوزخی ہوں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم: عرض کی۔ وہ نجات پانے والا (فرقہ) کونسا؟ فرمایا: ”جو میرے اور میرے صحابہ کے طریقہ پر ہوگا۔ (رواہ الترمذی)......

دین میں اوّل ترین اختلاف خوارج اور نواصب نے کیا۔ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے خلاف بغاوت کی۔ اہل حق کے خلاف اوّل ترین بغاوت اہل مصر نے کی سیدنا عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے خلاف خروج کیا۔ فرقہ حروریہ (خوارج اور نواصب) پھر عبداللہ بن سباء نے مخالفت ڈالی۔ یہی شخص رافضیوں کا سرچشمہ ہے۔ پھر تابعین کے دور میں معتزلہ کا مسلک پیدا ہوا۔

35۔ احسان اور حسن سلوک اللہ کو مرغوب ہے۔

جلد سوم صفحہ 84

36۔ حضور رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے صبح و شام آپ کی امت پیش کی جاتی ہے۔